انسانیت پر یقین رکھنے والے ہر فرد سے آج کا سوال

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ جس طرح سوات میں درندہ صفت طالبان نے ایک 16 سالہ معصوم لڑکی کو ایک جھوٹے الزام میں زمین پر الٹا لٹا کر اس کے کمزور جسم پر سر عام کوڑے برسائے ہیں اسی طرح آپ کی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو بھی یہ درندہ صفت طالبان زمین پر الٹا لٹا کر کوڑے برسائیں؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بھی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے گھروں سے باہر نکلنے پر پابندی لگادی جائے؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ اگر آپ کی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں اپنے بھائیوں اور خونی رشتہ داروں کے ساتھ گھر سے باہر نکلیں تو بدکاری کا شرمناک الزام لگا کر انہیں بھی سفاکانہ سزائیں دی جائیں؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو گن پوائنٹ پر شٹل کاک برقعہ میں بند کر دیا جائے اور اگر وہ شٹل کاک برقعہ کے بغیر باہر نکلیں تو انکے چہروں کو تیزاب پھینک کر جلا دیا جائے؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بھی بہنوں اور بیٹیوں کے تعلیم حاصل کرنے اور ملازمت کرنے پر پابندی لگادی جائے؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے شہر میں بھی لڑکیوں کے اسکولوں اور کالجوں کو بموں سے اڑا دیا جائے اور انہیں آگ لگادی جائے؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بھائیوں اور بیٹوں کو شیو کرنے پر زمین پر الٹا لٹا کر کوڑے مارے جائیں؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے شہر میں بھی درندہ صفت طالبان کا حیوانی نظام رائج ہو جائے؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے شہر میں بھی طالبان کی بنائی ہوئی ڈنڈا بردار شریعت مسلط ہو جائے اور آپ کو پتھر کے دور میں بھیج دیا جائے؟

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی شہری آزادیاں چھین لی جائیں اور آپ پر جبر کا نظام مسلط کر دیا جائے؟

اگر نہیں......تو پھر...... آیئے ...... اور......درندگی اور حیوانیت کے خلاف انسانیت کی اس جنگ میں ہمارا ساتھ دیجئے ......اور......خواتین کی عزت واحترام......شہری آزادی......مذہبی اعتدال پسندی......اور......اپنے انسانی حقوق کیلئے مذہبی انتہاپسندوں کے خلاف متحد ہو جائیں......اور......اپنے اتحاد سے طالبانائزیشن کو ناکام بنادیں۔

متحدہ قومی موومنٹ